## سوال

کسی کے ما یا باپ فوت ہو گے ہو تو کیا وو ان کوئی قرآن پاک پر کے ثواب دے سکتا ہے جب کا وو فوت ہو گے ا ہو

## جواب

فوت شدہ والدین کو قرآن پڑھ کر ثواب بخشنے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگر کسی کے والدین ماں یا باپ میں سے کوئی فوت ہوگیا ہو تو کیا ان کی اولاد میں سے کوئی قرآن مجید پڑھ کر ان کو ثواب دے سکتا ہے ۔ میں صرف اولاد کی بات کر رہا ہوں اگر اولاد ایسا کرے تو کیا ان کو ثواب ملتا ہے یا نہیں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! فوت شدگان کو ثواب پہنچانے کا یہ طریقہ نبی کریم ، صحابہ کرام اور تابعین عظام میں سے کسی سے بھی ثابت نہیں ہے ۔ اگر یہ طریقہ صحیح ہوتا تو نبی کریم ضرور اس کی صراحت کردیتے تاکہ امتی اس پر عمل کرتے ، اور اپنے فوت شدگان کو ثواب بھیجتے رہتے ۔ اب اگر کوئی شخص ایسا کرتا ہے تو دین میں اس کا ثبوت نہ ہونے کی وجہ سے وہ بدعت کا ارتکاب کرتا ہے ، اور حرام کام انجام دیتا ہے ۔ فوت شدگان کو ثواب پہنچانے کے اس کے علاوہ متعدد شرعی طریقے ثابت ہیں ۔ مثلا ان کی طرف سے صدقہ کرنا ، ان کے لئے دعا مانگنا ، ان کی طرف سے حج کرنا اور قربانی کرنا وغیرہ ہمیں چاہئیے کہ ہم اپنے فوت شدگان کو ثواب پہنچانے کے لئے فقط صرف وہی طریقے اختیار کریں جو شریعت سے ثابت ہیں اور ان طریقوں سے اجتناب کریں جو ثابت نہیں ہیں ۔ مزید تفصیل کے لئے دیکھیں فتوی نمبر (4883)

http://www.urdufatwa.com/index.php?/Knowledgebase/Article/View/4883/156/ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث